02-07-2026

09:25 am

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینعارف حسین

:یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں یاتریوں کے پہلے جھتے کو آج علی الصبحلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کے بھگوتی نگر بنیادی کیمپ سے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ 4ہزار 822یاتریوں پر مشتمل اس قافلے میں3ہزار707مرد اور816خواتین شامل ہیں۔ 147گاڑیوں میں سوار2ہزار312یاتری بالتل جبکہ112گاڑیوں میں سوار 2ہزار510یاتری پہلگام کیلئے روانہ ہوئے۔ اس موقعہ پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ شری امرناتھ جی یاترا ایک عظیم روحانی سفر ہے اور اس کے لئے اٹھایا گیا ہرایک قدم بابا امرناتھ میں غیر متزلزل اعتقاد کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے یاتریوں کیلئے نیک خواہشات کا اظہارکیا۔

ایل جی یاترا

اس سے پہلے لیفٹنٹ گورنر نے کل جموں میں یاتریونکے استقبال کیلئے منعقد کی گئی توی آرتی اور لائٹ اینڈ ساؤنڈ شو کا افتتاح کیا۔ اس موقعہ پر ایل جی نے کہا کہ شری امرناتھ جی یاترا مختلف زبانوں، ثقافتوں اور روایات سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو متحد کرنے اور اعتقاد کے ایک ہی بندن میں جوڑنے کا ذریعہ ہے----V/o

دریں اثنا لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل ہی بھگوتی نگرجموں میں یاتری نواس کا دورہ کر کے وہاں شردھالوو

---

ں کیلئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ تمام وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے اس بات کو یقینی بنائیں کہ یاتریوں کو کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ واضح رہے کہ 57روزہ یاترا 28اگست کو اختتام پذیر ہوگی۔

:ڈویژنل کمشنر

ادھر ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے کل نوگام ریلو سٹیشن کے ساتھ ساتھ پانتھ چوک میں یاترا ٹرینزٹ کیمپ اور یاتری نواس کا دورہ کرکے شری امرناتھ جی یاتریوں کیلئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ بڈگام اور سرینگر اضلاع کی انتظامیہ نے یاتریوں کی آسائش کیلئے ہرطرح کے انتظامات مکمل کئے ہیں۔

:ملاقات

جمونکشمیر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن جموں کے سابق صدر ایڈوکیٹ وکرم چودھری نے کل لوک بھون جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

:پی ایمتقاچی

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں اپنی جاپان کی ہم منصب Sanae Takaichi کے ساتھ سالانہ سمٹ سطح کی بات چیت کریں گے۔ بات چیت سے دونوں ملکوں کے مابین رشتوں کو نئی بلندیوں تک لے جانے اور علاقائی و عالمی نوعیت کے باہمی معاملات پر تبادلہ خیال کرنے کا موقع فراہم ہوگا۔ بات چیت کے بعد متعددمفاہمت ناموں پر دستخط کئے جانے کی امید ہے۔ واضح رہے کہ جاپان کی وزیراعظم کل شام بھارت کے تین روزہ دورے پر نئی دلی پہنچ گئیں۔

:سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتونے کل بمنہ مینبچہ ہسپتال کا دورہ کرکے وہاں مریضوں کیلئے دستیاب طبی نگہداشت کی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایات دیں کہ وہ مریضوں اور تیمارداروں کو اعلیٰ معیار کی سہولیات دستیاب رکھیں۔ انہوں نے ڈاکٹرس ڈے کے موقعے پر ڈاکٹرو‌ناور طبی عملے کو مبارکباد دی۔

:راتھر

قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے کل ایک میٹنگ میں بڈگام ضلع میں آر اینڈ بی محکمہ کی طرف سے دردست لئے گئے ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ بلا کسی تاخیر کے تمام پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں تاکہ بنیادی سطح پر عام لوگ ان پروجیکٹوں سے استفادہ کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ رقومات کے منصفانہ تصرف کو یقینی بناتے ہوئے کاموں کے معیار کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہیں کیاجانا چاہیے۔

:ڈی سی بڈگام

بڈگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر اطہرعامر خان نے کل چاڈورہ سب ڈویژن کے دیہی علاقونمیں سالڈ ویسٹ منیجمنٹ منصوبے کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اس موقعہ پر کوڑا کرکٹ کو سائنسی طرز پر ٹھکانے لگانے اور صفائی ستھرائی کے عمل میں بہتری لانے کی ضرورت پر زوردیا۔

: کولگام ڈی سی

ڈی سی کولگام شہزاد عالم کی صدارت میں کل ضلع سطح کی انکواڈ کمیٹی منعقد ہوئی۔ اس موقعہ پر ضلعے کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے کئے جارہے انتظامات کا تفصیل سے جائزہ لیاگیا۔ میٹنگ میں جانکاری دی گئی کہ سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت اب تک 80ایف آئی آر درج کئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ34ڈرائیونگ لائسنس منسوخ کرنے کے علاوہ 22گاڑیوں کی رجسٹریشن رد کی گئی ہیں۔

: بانڈی پورہ ڈی سی

لوگوں تک موثر حکمرانی عمل پہنچانے کے سلسلے کی ایک کڑی کے تحت ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندوہ کنول چب نے بالہامہ ارن میں ایک میگا دیوس کا انعقاد کرکے ملحقہ علاقوں کے لوگوں کے مسائل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں کو ہدایات دیں کہ وہ لوگوں کے مسائل کو حل کرنے نیز ان کے معیار حیات میں بہتری لانے کیلئے ہر ممکن کریں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیاسے گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ